OFFICE OF THE
**All Assam Tanzim Madaris-E-Qawmiya**
(Branch : Rabeta-e-Madaris-e Islamia Arabia Darul Uloom Deoband)
P.O. Nilbagan - 782445, Dist- Hojai, Assam (India)
Regd. : RS/NG/254/108
ESTD. : 1374 Hizri, 1955
Website : tanzimmadarisassam.com

কাৰ্যালয় ☎ : (03674) 262448
সদৌ অসম তন্‌জিম মাদাৰিছে কৌমীয়া
(শাখা ঃ ৰাবেতায়ে মাদাৰিছে ইছলামীয়া আৰবীয়া দাৰুল উলুম দেওবন্দ)
পোঃ নীলবাগান-৭৮২৪৪৫, জিলাঃ হোজাই ঃ অসম ঃ ভাৰত
স্থাপিত ঃ ১৩৭৪ হিজৰী, ১৯৫৫ ইং
Email : aatmqassam@gmail.com

دفتر: الُ اسَامُ تَنظِیمِ مَدارِسِ قومِیَہ
(شاخ: رابطۂ مدارس اسلامیہ عربیہ، دارالعلوم دیوبند)
نیل بگان، ہوجائی، آسام، الہند

Ref. ..............................                                        Date..........................

## اطلاع برائے امتحانات ششماہی ۱۴۴۶؁ھ مطابق ۲۰۲۴؁ء

**زیر اہتمام:** آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل باگان، ہوجائی، آسام

مکرمی جناب صدرالمدرسین صاحب/مہتمم صاحب دامت برکاتہم

بعد سلام مسنون!

امید کہ مزاج گرامی بخیر وعافیت ہوں گے، اطلاعاً عرض ہیکہ گذشتہ مجلس عاملہ منعقدہ ۱۳/محرم الحرام ۱۴۴۶؁ھ مطابق ۲۰/جولائی ۲۰۲۴؁ء کی تجویز نمبر ۸ کے مطابق مندرجۂ ذیل اصول وضوابط کی رعایت کرتے ہوئے امسال دفتر تنظیم کے زیر اہتمام امتحانات ششماہی منعقد کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔

## ﴿ امتحانات ششماہی کے لئے طئے شدہ اصول و ضوابط ﴾

(☆) تنظیم مدارس قومیہ سے مربوط تمام مدارس کے امتحانات ششماہی بیک وقت منعقد ہوگا !

(☆) امتحان ششماہی ا/ربیع الثانی ۱۴۴۶؁ھ مطابق ۵/اکتوبر ۲۰۲۴؁ء بروز سنیچر سے شروع ہوکر ۶/ربیع الثانی مطابق ۱۰/ا اکتوبر تک جاری رہیگا۔

(☆) ماہ صفرالمظفر تک کی مقدار خواندگی میں سے پرچۂ سوالات تیار کئے جائیں گے!

(☆) پرچۂ سوالات دفتر تنظیم کی طرف سے ارسال کئے جائینگے!

(☆) پوری امانت ودیانت کے ساتھ امتحان منعقد کرنا اہل مدارس کے لئے دینی واخلاقی فریضہ ہوگا۔

(☆) دفتر کی طرف سے جماعت فارسی دوم سے دورۂ حدیث شریف تک تمام جماعتوں کا امتحان ہوگا!

(☆) پرچۂ جوابات کی جانچ مدارس کے اساتذہ کے ذمہ میں رہے گی، البتہ متعلقہ اساتذہ کو بدل کر جانچ کرانا زیادہ مفید ہوگا !

(☆) شعبۂ بنات، شعبۂ حفظ اور درجۂ دینیات کے امتحانات ششماہی کے متعلقہ جملۂ امور کا انتظام کرنا اہل مدرسہ کی ذمہ داری ہوگی!

(☆) شعبۂ حفظ کا امتحان متعلقہ استاذ کے علاوہ کسی دوسرے استاذ صاحب یا اگر ممکن ہو تو دوسرے مدرسہ کے اساتذہ کے ذریعہ لینا زیادہ مناسب رہیگا!

(☆) تفصیلی نتائج مرتب کرکے اسکی ایک کاپی دفتر تنظیم تک پہونچانا خود مدرسہ کی ذمہ داری ہوگی!

**نوٹ:**

(۱) اہل مدارس اپنے مدرسہ کے مطلوبہ جماعتوں میں زیر تعلیم تمام بچوں کی تعداد دفتر تنظیم کو آئندہ 30 اگست 2024 تک ضرور ارسال فرمائیں۔

(۲) جماعت وار تعداد طلبہ مدرسہ کے پیڈ پر صاف ستھرا لکھ کر 9678346085/8638084820 نمبرات پر Whatsapp میں ارسال کریں۔

(۳) فون کے ذریعہ شرکاء کی تعداد لکھوانے کی ہرگز کوشش نہ کریں۔

بحکم مجلس عاملہ، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ
**منجانب: ناظم امتحان**
(مولانا) زاہد حسین قاسمی
تاریخ: 31/07/2024

OFFICE OF THE
**All Assam Tanzim Madaris-E-Qawmiya**
*(Branch : Rabeta-e-Madaris-e Islamia Arabia Darul Uloom Deoband)*
P.O. Nilbagan - 782445, Dist- Hojai, Assam (India)
Regd. : RS/NG/254/108
**ESTD. : 1374 Hizri, 1955**
Website : tanzimmadarisassam.com

دفتر: الُ اسَامُ تَنظِیمِ مَدَارِس قَومِیَہ
(شاخ: رابطۂ مدارس اسلامیہ عربیہ، دارالعلوم دیوبند)
نیل بگان، ہوجائی، آسام، الہند

কাৰ্যালয় ☎ : (03674) 262448
সদৌ অসম তন্‌জিম মাদাৰিছে কৌমীয়া
(শাখা ঃ ৰাবেতায়ে মাদাৰিছে ইছলামীয়া আৰবীয়া দাৰুল উলুম দেওবন্দ)
পোঃ নীলবাগান-৭৮২৪৪৫, জিলাঃ হোজাই ঃ অসম ঃ ভাৰত
স্থাপিত ঃ ১৩৭৪ হিজৰী, ১৯৫৫ ইং
Email : aatmqassam@gmail.com

Ref. .............................. Date..........................

# قوانین امتحانات ششماہی آل آسام تنظیم مدارس قومیہ ۱۴۴۶ھ مطابق ۲۰۲۴ء

(۱) امتحان صبح ۹/بجے سے شروع ہوکر ۱۱/بجکر ۳۰/منٹ تک اور شام ۱/بجے سے ۳/بجکر ۳۰/منٹ تک جاری رہیگا، البتہ وارننگ کی گھنٹی ۱۵/منٹ پہلے لگے گی۔ جسکے ساتھ ساتھ تمام امتحان دھندگان کو امتحان گاہ کے اندر پہونچ جانا ضروری ہوگا۔ امتحان شروع ہونے کے ۱۵/منٹ بعد اگر کوئی امیدوار تاخیر کرکے آتا ہے تو اس نشست کے امتحان میں وہ شریک نہ ہوسکے گا۔

(۲) امتحان گاہ میں قلم اور پیپر بورڈ کے علاوہ کسی قسم کے کاغذات لیکر داخل ہونا جرم شمار کیا جائیگا نیز پرچہ جوابات میں نقش ونگار کرنا سخت ممنوع ہوگا۔

(۳) وارننگ کا گھنٹہ لگ جانے کے بعد پرچہ جوابات تقسیم کئے جائینگے اور فائنل گھنٹہ کے بعد سوالات تقسیم کئے جائینگے۔

(۴) امتحان گاہ میں اگر کسی امیدوار کے پاس امتحان کے متعلق کوئی تحریر یا کاغذ مل جائے یا کسی کو جعل سازی میں گرفتار کیا جائے تو اسکو امتحان گاہ سے نکال دیا جائیگا۔ اور اس نشست کے امتحان میں اسکو شرکت کا موقع نہ دیا جائیگا۔ نیز اسکا پرچہ بھی سوخت کردیا جائیگا۔

(۵) اگر کوئی امتحان دہندہ اپنے دوسرے ساتھی کو کچھ بتانے یا لکھکر نقل کرنیکا موقع دینے پر گرفتار کیا گیا تو ہر ایک کے پرچہ سے پانچ پانچ نمبر سوخت کئے جائینگے۔

(۶) ہر مدرسہ والے اپنے مدرسہ کے کسی خاص استاذ کو بحیثیت نگران اعلیٰ مقرر کریں۔

(۷) اگر کسی کے پاس نقل ہونے کا اندیشہ ہو تو باجازت نگران اعلی، نگران حضرات اسکی تمام چیزیں تفتیش کرسکتے ہیں۔ تفتیش کا موقع نہ دینے پر امتحان گاہ سے نکال دیا جائیگا۔

(۸) پرچہ جوابات جمع کرتے وقت پرچہ وصولیابی کی متعلقہ کتاب کے خانہ پر دستخط کرنا ہر ایک کو ضروری ہوگا۔

(۹) متعلقہ کتاب کے پانچ سوالات ہونگے جن میں سے تین کا جواب مطلوب ہونگے۔ ہر جواب کا مجموعہ نمبر ۹۶=۳۲x۳/اور صفائی کیلئے ۴/نمبر مجموعہ نمبر ۱۰۰/رہوگا۔

(۱۰) بوقت امتحان، ہال کا ماحول پرسکون رکھنے کی خاطر ہر قسم کے شوروغل سے احتراز کرنا سب کا اخلاقی فریضہ ہوگا۔ ہر قسم کی کانا پھونسی، بات چیت وغیرہ ممنوع ہوگا۔

(۱۱) امتحان دہندگان کی وضع قطع سنت کے موافق ہونا ضروری ہوگا، بصورت دیگر پہلے دن مہلت دی جائیگی اسکے بعد بھی اگر سدھار نہ ہو تو انکو امتحان کا موقع نہ دیا جائیگا۔

(۱۲) ہر شریک امتحان کو اپنے جوابی پرچہ میں اپنا نمبر نشست صحیح اور صاف لکھنا بے حد ضروری ہوگا۔

(۱۳) امتحان گاہ میں شرکاء امتحان کیلئے سوالات دریافت کرنا بالکل ممنوع ہوگا۔ البتہ اگر پرچہ سوالات میں کسی قسم کی غلطی رونما ہوجائے تو عام اعلان کے ذریعہ اسکی تصحیح کرادی جائیگی۔

(۱۴) شرکاء امتحان کیلئے بوقت امتحان باہر جانے کی قطعا اجازت نہ ہوگی۔

(۱۵) شرکاء امتحان کیلئے موبائل فون لیکر امتحان گاہ میں داخل ہونا ممنوع ہوگا۔

(۱۶) ہر کتاب کے کامیابی نمبرات ۴۰/رہونگے۔ درجہ سوم کیلئے ۴۰/سے ۶۰/تک، درجہ دوم کیلئے ۶۱/سے ۸۰/تک اور درجہ اول کیلئے ۸۱/سے ۱۰۰/تک نمبر حاصل کرنا ہوگا۔

شائع کردہ منجانب امتحان بورڈ: آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام

**9678346085 / 6000317876**

# ☆نقشہ یومیہ برائے امتحانات ششماہی، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام (شعبۂ عربی) ۱۴۴۶ھ مطابق ۲۰۲۴ء☆

| شمارہ | درجات | ۱۔ربیع الثانی مطابق ۵۔اکتوبر بروز سنیچر | ۲۔ربیع الثانی مطابق ۶۔اکتوبر بروز اتوار | ۳۔ربیع الثانی مطابق ۷۔اکتوبر بروز پیر | | ۴۔ربیع الثانی مطابق ۸۔اکتوبر بروز منگل | ۵۔ربیع الثانی مطابق ۹۔اکتوبر بروز بدھ | ۶۔ربیع الثانی مطابق ۱۰۔اکتوبر بروز جمعرات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | صبح | صبح | صبح | شام | صبح | صبح | صبح |
| ۱ | دورہ حدیث | بخاری شریف اوّل، تاص ۲۳۶ | بخاری شریف ثانی، تاص ۸۰۵ | ابوداؤد شریف اوّل، مکمل | ابن ماجہ شریف، مکمل | مسلم شریف اوّل، تاص ۱۰۲ | ترمذی شریف اوّل، تاص ۱۲۸<br>ترمذی شریف ثانی، تاص ۱۰۰ | طحاوی شریف، تاص ۱۷۲ |
| ۲ | عربی ہفتم | مشکوٰۃ شریف، ثلث اوّل تاص ۱۹<br>مشکوٰۃ شریف، ثلث ثانی تاص ۲۶۰ | مقدمہ شیخ عبد الحق، مکمل | شرح عقائد، تاص ۱۰۰ | X | ہدایہ ثالث، تاص ۱۱۱<br>ہدایہ رابع، تاص ۵۳۱ | X | شرح نخبۃ الفکر، مکمل |
| ۳ | عربی ششم | ہدایہ جلد ثانی، تاص ۴۳۱ | الفوز الکبیر، مکمل | تفسیر جلالین اوّل<br>تاص ۱۰۵ | مبادی الفلسفہ، مکمل<br>مع میبذی، تاص ۶۳ | حسامی<br>تاص ۵۰ | تفسیر جلالین ثانی، تاص ۳۷۰ | القصائد المنتخبۃ من دیوان المتنبی<br>تاص ۱۴۰ |
| ۴ | عربی پنجم | مختصر المعانی، تاص ۱۳۳ | ہدایہ جلد اوّل<br>تاص ۱۴۶ | ترجمہ کلام پاک<br>تاختم سورۂ آل عمران | X | نور الانوار<br>تاص ۸۳ | مقامات حریری، تاص ۹۱ | سلم العلوم، تاص ۵۲ |
| ۵ | عربی چہارم | ترجمہ کلام پاک، تاختم سورۃ المؤمنون | دروس البلاغۃ، تاص ۱۰۸ | شرح وقایہ جلد اوّل، تاص ۱۴۹ | X | القطبی، تاص ۶۱ | X | تسہیل الاصول، مکمل<br>مع اصول الشاشی، تاص ۳۳ |
| ۶ | عربی سوم | ترجمہ کلام پاک<br>عم پارہ مکمل وسورۂ ق تاختم سورۂ نجم | کافیہ<br>تاص ۵۹ | আপোন পাঠ-অষ্টম ভাগ<br>পাঠ ১ আৰু ৩ | Our English-viii<br>Lesson: 1 & 4 | نفحۃ العرب، تاص ۷۳<br>مع القرآۃ الواضحہ، تاص ۵۶ | قدوری<br>تاص ۱۶۸ | شرح تہذیب<br>تاص ۲۶ |
| ۷ | عربی دوم | ہدایۃ النحو، تاص ۵۹ | آسان منطق، تاص ۲۹ | আপোন পাঠ-সপ্তম ভাগ<br>পাঠ ১ আৰু ৬ | Our English-vii<br>Lesson: 1 & 2 | نور الایضاح، تاص ۱۰۱ | علم الصیغہ، تاص ۵۵ | القرآۃ الواضحہ، تاص ۴۱ |
| ۸ | عربی اوّل | نحو میر، تاص ۲۶ | سیرت خاتم الانبیاء<br>ہجرت مدینہ تک | আপোন পাঠ-ষষ্ঠ ভাগ<br>পাঠ ১ আৰু ২ | Our English-vi<br>Lesson: 1,2,3 | پنج گنج مع تمرین از صفوۃ المصادر<br>صرف مضاعف تک | مفتاح العربیہ حصہ دوم<br>تاص ۸۶ | عم پارہ حفظ، ربع اوّل |
| ۹ | فارسی دوم | میزان الصرف مع منشعب<br>تاختم ابواب ثلاثی مجرد | حکایاتِ صحابہ، تاختم تیسرا باب | আপোন পাঠ-পঞ্চম ভাগ<br>পাঠ ১ আৰু ২ | Our English-v<br>Lesson: 2 & 3 | مالابد منہ فارسی، تاص ۵۱ | باکورۃ الادب، مکمل | مخصوص سورہ، سورۃ الرحمن |

امتحان کی پہلی نشست صبح 9:00 بجے سے 11:30 بجے تک اور دوسری نشست شام 1:00 بجے سے 3:30 بجے تک جاری رہیگی۔

من جانب امتحان بورڈ

**ناظم امتحان:** (مولانا) زاہد حسین قاسمی، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام